# قانون کی حکمرانی میں محتسب اداروں کا کلیدی کردار ہے، اعجاز قریشی

## اچھی طرز حکمرانی کو فروغ دینے میں قانون کی حاکمیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، وفاقی محتسب



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی انٹرنیشنل امبڈ سمین انسٹی ٹیوٹ (IOI)
کے زیر اہتمام محتسبین کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس اور انصاف کے قیام میں محتسب کے اداروں کا کردار بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز محتسب اداروں کے ذریعے قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ کانفرنس محتسب پنجاب اور آئی او آئی کی نائب صدر عائشہ حامد کی میزبانی میں بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ (IOI) کے زیر اہتمام منعقد ہو رہی ہے۔ آئی او آئی محتسبین اور مصالحتی اداروں کی 200 رکنی مضبوط عالمی تنظیم ہے۔ کانفرنس میں

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

روزنامہ "مشرق" کوئٹہ

08 OCT 2025

## وفاقی محتسب کے احکامات پر خاتون کو بی آئی ایس پی کی رقم جاری

کوئٹہ ( آن لائن )وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست گزار خاتون نے درخواست دی جس میں انہوں نے موقف اختیار کیا کہ وہ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ متعدد بار بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر جا کر رجسٹریشن کروا چکی ہیں لیکن انہیں کوئی رقم موصول نہیں ہوئی۔ بارہا دفتر کے چکر بھی لگائے مگر ہمیشہ انتظار کرنے کا کہا جاتا ہے۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کی۔ تاہم متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب کے احکامات پر خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دیئے گئے۔ جس پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

روزنامہ "میزان" کوئٹہ
08 OCT 2025

## درخواست گزار کافیہ بی بی کو بی آئی ایس پی کی قسط کی رقم 13500 روپے ادا کروادیے گئے

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار خاتون محترمہ کافیہ بی بی نے بتایا کہ وہ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ کئی مرتبہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر جا کر رجسٹریشن کروا چکی لیکن انہیں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے کوئی رقم موصول نہ ہوئی۔ ہمیشہ انتظار کرنے کا کہتے۔ کافی عرصہ انتظار کرنے کے باوجود بھی کوئی (بقیہ 29 صفحہ 2 پر)



رقم نہ مل سکی۔ لہٰذا انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ تاہم، متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی قسط کی رقم بلا کسی تاخیر کے ادا کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار خاتون نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**REGIONAL INFORMAITION OFFICE,**
**PRESS INFORMAION DEPARTMENT,**
**PESHAWAR.**

The Frontier Post

**Dated:** 09 / 10 /2025

# Wafaqi Mohtasib addresses international conference

## — highlights rule of law in promoting good governance



**F.P. Report**

KARACHI: The Wafaqi Mohtasib Ejaz Ahmad Qureshi has stated that adherence to the rule of law remained the corner stone of good governance, fair play and inclusivity. He was addressing the international conference on strengthening the rule of law through ombudsman institutions, here last evening. The international conference was arranged as part of the Asian Regional Meeting 2025 of the International Ombudsman Institute (IOI) which is over 200-member strong global body of ombudsman and mediator institutions. The Asian Regional Meeting is hosted by Ms. Ayesha Hamid, Provincial Ombudsman Punjab who is also the Second Vice President of the International Ombudsman Institute. The conference is being attended by a large number of international participants including Azerbaijan, Bahrain, Indonesia, Japan, Kyrgyzstan, Macao-China, Philippines, Timor Leste and heads of ombudsman institutions in the country.

The Wafaqi Mohtasib said that the functions of ombudsman institutions include making the state agencies more vibrant and efficient, thereby, improving their service delivery operations for the benefit of the general public. He said that the ombudsman institutions are enablers which promote inclusivity, equality, fair play and justice. Qureshi further observed that Wafaqi Mohtasib institution possesses all essential features as outlined in the relevant UN General Assembly resolutions to strengthen their independence, autonomy and contribute in the promotion and protection of human rights, good governance and the rule of law. The role of ombuds institutions in addressing maladministration results in promoting efficiency, discipline, quality of service delivery and strengthen the rule of law in the society, the Mohtasib added.

Qureshi referred to various aspects of the Wafaqi Mohtasib's working and said that the Suo Moto notices by the institution on matters involving mismanagement has helped in bringing about improvement in the performance of various government agencies. Additionally, various steps by Wafaqi Mohtasib including holding of Khuli Katcheries in the remote areas and inspection visits to organizations attracting persistent complaints from the general public, were effectively contributing in promoting efficiency, transparency and accountability thereby, strengthening the rule of law.

Besides the international speakers, the IOI conference was also addressed by the Provincial Ombudsman Punjab, Ms. Ayesha Hamid Federal Insurance Ombudsman, Federal Tax Ombudsman and the Federal Ombudsperson for Protection Against Harassment of Women at the Workplace.

Government of Pakistan
Press Information Department
Quetta
Dated: 08 OCT 2025 Page No: 02
Publication: روزنامہ "جنگ" کوئٹہ

# وفاقی محتسب کے احکامات پر خاتون کو بی آئی ایس پی کی قسط ادا کر دی گئی

کوئٹہ(پ ر)وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار کافیہ بی بی کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی قسط کی رقم ادا کر دی گئی۔درخواست گزار خاتون محترمہ کافیہ بی بی نے بتایا کہ وہ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔کئی مرتبہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر جا کر رجسٹریشن کروا چکی لیکن انہیں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے کوئی رقم موصول نہ ہوئی۔لہٰذا انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کے بعد احکامات جاری کیے جس پر محکمے نے خاتون کو کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دی۔